# سالانہ پروگرام

## مجلس خدام الاحمدیہ و اطفال الاحمدیہ بھارت

## بابت سال یکم نومبر 2024 تا 31 اکتوبر 2025

اِصلاحِ اَعمال

**ISLAH-E-AMAAL**

REFORMATION OF DEEDS

## پیغام سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

## برموقع سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت اکتوبر 2024

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحْمَدُهُ وَنُصَلِّي عَلَى رَسُولِهِ الْكَرِيمِ وَعَلَى عَبْدِهِ الْمَسِيحِ الْمَوْعُود

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھو النّاصر

پیارے ممبران مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ نے اپنے 54 ویں سالانہ نیشنل اجتماع کے لئے پیغام کی درخواست کی ہے۔ اس مبارک موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں آپ کے سامنے اصلاح اعمال کے حوالہ سے چند اہم باتیں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اصلاح اعمال کا مضمون بہت اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ وہ راہ ہے جو انسان کو اپنے خالق و مالک کی رضا حاصل کرنے کی طرف لے جاتی ہے۔ اصلاح اعمال کے ذریعہ ہی انسان اپنے ایمان کو مضبوط کرتا ہے اور روحانی ترقیات کی منازل طے کرتا ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ "یاد رکھو کہ صرف زبانی باتوں سے کچھ نہیں ہوتا جب تک عملی حالت درست نہ ہو۔ جو شخص حقیقی طور پر خدا کو اپنا رب اور مالک یوم الدین سمجھتا ہے ممکن ہی نہیں کہ وہ چوری، بدکاری، قمار بازی یا دیگر افعال شنیعہ کا مرتکب ہو سکے کیونکہ وہ

جانتا ہے کہ یہ سب چیزیں ہلاک کر دینے والی ہیں اور ان پر عملدرآمد کرنا خدا تعالیٰ کے حکم کی صریح نافرمانی ہے۔ غرض انسان جب تک عملی طور پر ثابت نہ کر دیوے کہ وہ حقیقت میں خدا پر سچا اور پکا ایمان رکھتا ہے تب تک وہ فیوض اور برکات حاصل نہیں ہو سکتے جو مقربوں کو ملا کرتے ہیں۔" (ملفوظات، جلد 10، ص (32) پس ہمیں اپنے اعمال کا جائزہ لینا چاہیے اور ان میں بہتری لانے کی مسلسل کوشش کرنی چاہیے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے دلوں میں اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا کریں۔ جب دل میں اللہ کی محبت ہوگی تو پھر اس کے احکامات پر عمل کرنا بھی آسان ہو جائے گا۔ اور خدا تعالیٰ کی ذاتی محبت پیدا کرنے کے لئے نمازوں کی پابندی بہت ضروری ہے۔ نماز وہ زینہ ہے جو انسان کو اللہ تعالی سے جوڑتا ہے۔ اس لئے نمازوں کی ادائیگی کا خاص اہتمام کریں۔ نمازوں کو وقت پر اور باجماعت ادا کرنے کی پوری کوشش کریں۔ اسی طرح تلاوت قرآن کریم کا بھی خاص اہتمام کریں۔ قرآن کریم وہ کتاب ہے جس میں ہمارے لئے ہر مسئلے کا حل موجود ہے۔ اس کی تلاوت کے ساتھ ساتھ اس کے معانی و مفاہیم کو سمجھنے کی کوشش کریں اور پھر اس پر عمل کرنے کی سعی کریں۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں: "میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ جو شخص قرآن کے سات سو حکم میں سے ایک چھوٹے سے حکم کو بھی ٹالتا ہے وہ نجات کا دروازہ اپنے ہاتھ سے اپنے پر بند کرتا ہے۔ حقیقی اور کامل نجات کی راہیں قرآن نے کھولیں اور باقی سب اس کے ظل تھے۔ سو تم قرآن کو تدبر سے پڑھو اور اُس سے بہت ہی پیار کرو ایسا پیار کہ تم نے کسی سے نہ کیا ہو۔" (روحانی خزائن، جلد 19، ص 26) پس قرآن کریم کے احکامات پر عمل

کرنے کی پوری کوشش کریں اور انہیں اپنی عملی زندگیوں کا حصہ بنائیں۔قرآن کریم کی صحیح فہم اور ادراک حاصل کرنے کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کا مطالعہ بھی بہت ضروری ہے کیونکہ آپ علیہ السلام کی کتب اور ارشادات میں ہمارے لئے وہ حقیقی روحانی خزائن مضمر ہیں جو ہمیں اصلاح اعمال کے راستے پر گامزن کر سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ اصلاح اعمال کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ ہم اپنے اخلاق پر نظر رکھیں اور انہیں درست کرنے کی کوشش کرتے رہیں۔اچھے اخلاق سے ہی ہم دوسروں کے دلوں میں جگہ بنا سکتے ہیں اور ان کو اسلام کی خوبصورت تعلیم کی طرف راغب کر سکتے ہیں۔اس لئے ہر وقت اپنے اخلاق کا خیال رکھیں۔کسیراغب کر سکتے ہیں۔اس لئے ہر وقت اپنے اخلاق کا خیال رھیں۔کسی کے ساتھ بدتمیزی یا بداخلاقی نہ کریں۔ہر ایک سے محبت اور پیار سے پیش آئیں اور ایک دوسرے کا خیال رکھتے ہوئے حقیقی بھائی چارہ کی فضا قائم کریں۔پھر خدام الاحمدیہ کے ممبران بلکہ ہر ذیلی تنظیم کے ممبران کو چاہیے کہ وہ اپنے عہد کو یاد رکھیں۔آپ نے دین کو دنیا پر مقدم رکھنے کا جو عہد کیا ہے اس کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ ان باتوں پر عمل کرنے کی کوشش بھی کریں۔اپنے وقت کا صحیح استعمال کریں اور فضول باتوں اور کاموں سے بچیں۔اپنے وقت کو بے ہودہ باتوں اور لغویات میں ضائع کرنے کی بجائے مفید کاموں میں صرف کریں۔آج کل کے دور میں سوشل میڈیا کے ذریعہ بہت ساری برائیاں پھیل رہی ہیں۔ان سے بچنے کی کوشش کریں۔غیر ضروری سوشل میڈیا کے استعمال سے گریز کریں اور ہر اس عمل سے اجتناب کریں جو اسلامی تعلیمات سے دور لے جانے والا ہو۔

یاد رکھیں کہ آپ کی عمر وہ عمر ہے جس میں انسان کے اندر فطرتی طور پر جوش و جذبہ ہوتا ہے۔ اس جوش و جذبے کو صحیح سمت میں استعمال کریں گے تو جہاں آپ اللہ تعالیٰ کا قرب پانے والے ہوں گے وہاں لوگ بھی آپ کے نیک نمونوں کو دیکھ کر آپ کی طرف مائل ہوں گے۔ اس لئے اپنی توانائیوں کو دین کی خدمت میں وقف کر دیں۔ جماعت کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔تبلیغ کے میدان میں آگے بڑھیں اور اپنے علاقوں میں اسلام احمدیت کا پیغام پہنچائیں اور لوگوں کو اسلام احمدیت کی خوبصورت تعلیم سے آگاہ کریں۔آج کل دنیا جس فسق و فجور میں پڑی ہوئی ہے۔ ہر جگہ فساد برپا ہے اور لوگ اخلاقی گراوٹ کا شکار ہیں اس کا علاج اور حل اسی میں ہے کہ وہ اپنے خالق حقیقی کو پہنچان کر اپنے عبادتوں کے معیار بلند کر کے حقوق العباد بجالانے کے ساتھ ساتھ دوسروں کے حقوق بھی کما حقہ ادا کرنے والے ہوں۔پس لوگوں کی اس طرف راہنمائی کرنا اور انہیں بتانا کہ تمہارا ایک خدا ہے اور اسے مان کر اور پہچان کر اور اس کی عبادت کا حق ادا کر کے تم نجات حاصل کر سکتے حقوق العباد بجالانے کے ساتھ ساتھ دوسروں کے حقوق بھی کما حقہ ادا کرنے والے ہوں۔پس لوگوں کی اس طرف راہنمائی کرنا اور انہیں بتانا کہ تمہارا ایک خدا ہے اور اسے مان کر اور پہچان کر اور اس کی عبادت کا حق ادا کر کے تم نجات حاصل کر سکتے ہو آپ کا فرض اور ذمہ داری ہے۔اس لئے اس کام کو سرانجام دینے کے لئے پہلے اپنی عملی اصلاح کی طرف توجہ دیں اور اس کے حصول کے لئے دعاؤں کا بھی خاص اہتمام کریں۔ دعا وہ طاقتور ہتھیار ہے جو ہمیں دیا گیا ہے۔ ہمارے کام دعاؤں سے ہی ہوئے ہیں۔اس لئے اپنی نمازوں میں،اپنے نوافل میں

اپنی اصلاح کے لئے خاص دعائیں کریں۔ اللہ تعالیٰ سے مدد مانگیں کہ وہ آپ کو اپنے احکامات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کو اپنے اعمال کی حقیقی اصلاح کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔اس اجتماع کو بھی ہر لحاظ سے کامیاب و بابرکت فرمائے اور آپ سب کو اس کے پروگراموں سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی توفیق دے۔آمین

والسلام

خاکسار

دستخط حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خلیفۃ المسیح الخامس

## بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## گزارشات صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

## قائدین خصوصی توجہ کریں!

ہر سال کی طرح امسال بھی مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو اپنا سالانہ پروگرام بابت سال 2025-2024ء (یکم نومبر 2024ء تا 31/اکتوبر 2025ء) تشکیل دے کر پیش کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔

مجلس خدام الاحمدیہ کے کاموں کی تفصیل اور طریق کار لائحہ عمل مجلس خدام الاحمدیہ میں بنیادی طور پر موجود ہے۔ لائحہ عمل کا مطالعہ ہر عہدیدار کے لئے لازمی ہے۔ مجالس کی سہولت کے لئے اور مجالس کی کارکردگی کو یکساں اور متحد کرنے کے لئے گذشتہ کئی سالوں سے سالانہ پروگرام کی شکل میں مجالس کے کاموں کا شیڈیول تیار کیا جاتا ہے اور ہر کام کے لئے تاریخیں مقرر کی جاتی ہیں تا کہ ہندوستان کی تمام مجالس مقررہ تاریخ میں مقررہ پروگرام کا اہتمام کرسکیں۔

لیکن یہ امر دیکھنے میں آرہا ہے کہ ابھی بھی بعض مجالس مکمل طور پر سالانہ پروگرام کی پابندی نہیں کررہی ہیں۔ اگر مجالس اس سالانہ پروگرام کی پابندی کریں تو ان کی کارکردگی میں غیر معمولی بہتری اور تیزی پیدا ہوسکتی ہے۔ احباب جماعت کی ایک بنیادی اور امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ وہ متحد ہوکر کام کرتے ہیں اور اپنا جلال دکھاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل

سے ہم سب ایک نظام میں پروئے گئے ہیں اورلوائے خدام الاحمدیہ کے تلے خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ پس ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم مرکزی لائحہ عمل اور پروگرام کی تعمیل اور پابندی کریں۔

اس پروگرام کے شروع میں سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے احباب جماعت انڈیا کی تربیت کیلئے بیان فرمودہ چار ہدایات درج ہیں۔ یہ چار ہدایات ہمارے لئے بنیادی اور مستقل لائحہ عمل ہے جس کے گرد خدام الاحمدیہ کے جملہ کام گردش کرتے ہیں۔تمام قائدین ان چاروں ہدایات کی تعمیل کروانے کے سلسلہ میں ہمہ تن محنت اورتوجہ سے خدمت کرتے ہوئے مؤثر کاروائی کریں۔

اپریل 2021 میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے ملکی مجلس عاملہ کو سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ Virtual ملاقات کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ اس میٹنگ میں پیارے آقا نے تفصیل سے ہر شعبہ کے متعلق راہنمائی فرمائی ہے۔اس کے مطابق عمل کرنے کی ہم سب کوضرورت ہے۔

پس اے خدام احمدیت!! اپنے پیارے امام عالی مقام کی ان نصائح پر لبیک کہتے ہوئے قرب الٰہی کے میدان میں سبقت لے جانے کے لئےسعی کریں اورمخلوق خدا کے تئیں ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان تک اسلام کا حقیقی پیغام پہنچانے میں اپنا دن رات ایک کردیں تاکہ ہم جلدازجلد اسلام احمدیت کا پرچم دنیا پرلہراتا ہوادیکھ سکیں۔تمام پروگرامز کاانعقادملکی قانون اورجماعتی قواعد کوملحوظ رکھتے ہوئے مکمل احتیاط کے ساتھ ہی کریں۔

اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت 2024 کے لئے ’’اصلاح اعمال‘‘ کی تھیم منظور فرمائی ہے۔خدام واطفال کو اس طرف خصوصی توجہ دینی کی ضرورت ہے کہ وہ اپنے اعمال کو مزید بہتر اور نیک کرنے کی کوشش کریں۔اور اعمال صالحہ بجا لائیں اور اللہ تعالیٰ کے قرب کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے چلے جائیں۔خلافت احمدیت اور نظام جماعت کے ساتھ چمٹ کر رہیں اور اپنے علم اور ایمان کو بڑھانے کی کوشش کرتے چلے جائیں۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کے ساتھ ہو۔اور سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ان ارشادات کے مطابق عمل کرنے کی نیز مقبول خدمات بجا لانے کی توفیق عطا فرماتا چلا جائے۔آمین

شمیم احمد غوری

صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

# خصوصی ہدایات سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

## چار نکاتی پروگرام

(1) تمام مرکزی مساجد اور جماعتی حلقوں کی مساجد میں پانچ وقت باجماعت نمازوں کی بھرپور حاضری کے ساتھ ادائیگی کی طرف خصوصی توجہ دی جائے اور اس سلسلہ میں حلقہ کی سطح کے تمام جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیداران سارا جائزہ لے کر نوٹ کریں کہ حلقہ کے کون کون سے احباب نمازوں میں سست ہیں۔ پھر ایسے تمام احباب کو حلقہ کی سطح کے جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیدران مناسب اور موثر رنگ میں توجہ دلوائیں اور ان عہدیداران کا توجہ دلانے کا طریق اتنا اچھا اور مؤثر ہونا چاہئے کہ ایسے تمام احباب کو اپنی کمزوری کا احساس ہو اور وہ اپنی اصلاح کر لیں۔ بجائے اس کے کہ ایسا طریق اختیار کیا جائے کہ ایسے احباب الٹا عہدیداران سے ہی بدظن ہو جائیں اور اس کیلئے سب سے پہلے تمام مرکزی اور حلقہ کی سطح کے جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیداران کو اپنا اور اپنے بچوں کا نمونہ پیش کرنا ہوگا۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ عہدیداران یا ان کے بچے خود تو نمازوں میں کمزور ہوں اور دیگر احباب جماعت اور ان کے بچوں کو باجماعت نماز کی تلقین کریں۔

(2) ہر مرکزی اور حلقہ کی مسجد میں نماز فجر اور نماز عصر کے بعد قرآن و حدیث کے درس کا باقاعدگی سے انتظام ہونا چاہئے اور اس موقع پر بھی زیادہ سے زیادہ احباب کی حاضری کے لئے بھی حلقہ کی سطح کی تمام جماعتی اور ذیلی تنظیموں کی انتظامیہ کوشش کرے۔

(3) خلیفہء وقت کے خطبہ جمعہ، اسی طرح عیدین اور مختلف ممالک کے جلسوں اور ذیلی تنظیموں کے اجتماعات کے موقعہ کے خطابات احباب جماعت کو اجتماعی رنگ میں سنانے اور دکھانے کا بھی جماعتی

انتظامیہ کی طرف سے مؤثر انتظام ہونا چاہئے۔اور اس کیلئے بھی سب سے پہلے تمام مرکزی، جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیداران کو اپنے بچوں کے ساتھ ان مواقع پر حاضر رہ کر اپنا نمونہ پیش کرنا ہوگا اور اس کے بعد دیگر احباب جماعت کو اس کی تلقین کرنا ہے۔

(4) انڈیا کے احباب جماعت کی تربیت کیلئے جماعتی اخبار ہفتہ روزہ بدر کے اردو کے علاوہ ہندی اور کئی مقامی زبانوں میں بھی ایڈیشن شروع کئے گئے ہیں۔ان تمام ایڈیشنز سے احباب جماعت کس قدر فائدہ اٹھا رہے ہیں اس کا بھی جائزہ لیا جائے اور کوشش کی جائے کہ ہر گھر میں اس تاریخی جماعتی اخبار کا ایک پرچہ ضرور جائے۔

مذکورہ بالا ہدایات سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احباب جماعت انڈیا کی تربیت کیلئے بیان فرمائی ہیں۔

تمام قائدین کرام، زعماء کرام، ناظمین اطفال اور دیگر عہدیداران ان ہدایات کی سال بھر تعمیل کریں اور تمام خدام و اطفال کو ان ہدایات کی تعمیل کا پابند بنائیں۔

## ❁ ریفریشر کلاسز برائے قائدین کرام ❁

لائحہ عمل کے مطابق خدام الاحمدیہ کے ہر سطح کے عہدیداران کیلئے ضروری ہے کہ اس نے لائحہ عمل اور دستور اساسی کا مطالعہ کیا ہو۔لہٰذا مجالس کیلئے سال میں کم از کم ایک مرتبہ ریفریشر کلاسز کا اہتمام کر کے جملہ عہدیداران کا تحریری امتحان لیکر نتیجہ ملکی دفتر کو بھجوانا نہایت ہی ضروری ہے تا کہ عہدیداران کو اپنی ذمہ داریوں اور دائرہ کار کا علم ہو سکے اور احسن رنگ میں خدام الاحمدیہ کے کام سرانجام دئے جاسکیں۔

لہٰذا ہندوستان بھر کی تمام ضلعی مجالس مورخہ 15/دسمبر 2024ء تک اپنے متعلقہ اضلاع میں ریفریشر کلاسز کا اہتمام کریں جس کے بعد ایسے کلاسز کے انعقاد کی رپورٹ علیحدہ دفتر خدام الاحمدیہ کو بھجوانا بھی لازمی ہوگا۔ ہر ضلع کے مجالس کے قائدین کرام اور ان کی مجلس عاملہ کے ممبران کیلئے ریفریشر کلاسز کا اہتمام کرنا ضلعی قائد کی ذمہ داری ہوگی۔مقامی/ علاقائی مجالس اپنی سہولت سے اپنے عہدیداران کا ریفریشر کورس کر سکتی ہیں۔ بہتر ہو گا کہ مقامی/ علاقائی مجالس بھی سال کے شروع میں ہی اپنے عہدیداران کا ریفریشر کورس منعقد کر کے امتحان کا نتیجہ ملکی دفتر کو بھجوائیں۔

## عناوین برائے اجلاسات

تربیتی اجلاسات میں درج ذیل عناوین پر تقاریر کا اہتمام کریں۔ علاوہ ازیں تربیتی اجلاسات میں سیدنا حضور انور کے دوران ماہ کے جملہ خطبات جمعہ کے اہم نکات اور خلاصہ پر بھی ڈسکشن کریں تا کہ خدام کو حضور انور کے خطبات کے اہم ارشادات کا علم ہو سکے۔

| | |
|---|---|
| نومبر 2024 | قیام نماز کی اہمیت |
| دسمبر 2024 | زیارت مرکز اور جلسہ سالانہ قادیان میں شمولیت کی اہمیت و برکات |
| جنوری 2025 | اصلاح اعمال |
| فروری 2025 | پیشگوئی حضرت مصلح موعود اور اس کا پس منظر |
| مارچ 2025 | سیرت حضرت مسیح موعود علیہ السلام |
| اپریل 2025 | واقف نو/ واقف زندگی کی عصر حاضر میں اہمیت و برکات |
| مئی 2025 | استحکام خلافت اور خدام الاحمدیہ کی ذمہ داریاں |
| جون 2025 | نظام وصیت کی تاریخ اور دور حاضر میں اسکی ضرورت |
| جولائی 2025 | مالی قربانی کی اہمیت اور خدام الاحمدیہ کی ذمہ داریاں |
| اگست 2025 | حب الوطن من الایمان |
| ستمبر 2025 | رشتہ ناطہ کے مسائل اور ہماری ذمہ داریاں |
| اکتوبر 2025 | اسلامی تعلیمات کے مطابق انسانی صحت کی حفاظت کی اہمیت |

## ❁ تربیتی کیمپ ❁

مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے اراکین وعہدیداران کی تعلیم وتربیت کیلئے منظورشدہ لائحہ عمل کے مطابق مجالس میں تربیتی کیمپس کے انعقاد لازمی ہے۔مجلس خدام الاحمدیہ کے تمام مجالس کے قائدین کرام اپنے ضلعی قائد صاحب سے مل کر ضلعی سطح پر ماہ فروری 2025 کے پہلے ہفتہ میں درجہ ذیل تفصیل کے مطابق جہاں تک ممکن ہو سکے اپنی اپنی مجالس میں دو روزہ تربیتی کیمپس کے انعقاد کو یقینی بنائیں۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی ذمہ داریوں کو احسن رنگ میں ادا کرنے نیز خدام کی سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اعلیٰ توقعات کے مطابق تربیت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

مجوزہ پروگرام برائے تربیتی کیمپس درجہ ذیل ہیں۔ پروگرام کے تفصیل کے مطابق جملہ قائدین وقت اور تاریخ مقرر کرلیں اور دفتر سے منظوری حاصل کرتے ہوئے تربیتی کیمپس کی انعقاد کریں۔

| |
|---|
| نماز تہجد |
| نماز فجر و درس |
| ناشتہ |
| کلاس بعنوان قرآن کریم تمام علوم کا خزانہ |
| تقریر بعنوان مالی قربانی کی اہمیت اور خدام الاحمدیہ کی ذمہ داری |
| تقریر استحکام خلافت اور خدام الاحمدیہ کی ذمہ داریاں (مرکزی نمائندہ تقریر پیش کریں گے) |

| |
|---|
| کتاب اصلاح اعمال کے متعلق زریں نصائح Detail Group Discussion |
| کوئز مقابلہ خطبہ جمعہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز |
| ورزشی مقابلہ جات |

مزکورہ تفصیل کے مطابق تربیتی کیمپ کے پروگرام کو شیڈیول کرلیں۔ نیز وقت کے مناسبت سے مقامی مجلس اپنی طرف سے بھی پروگرام شامل کرلیں۔

## ✵ مطالعہ کتب سکیم زیر اہتمام شعبہ تعلیم ✵

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور خلفاء کرام کی کتب کے مطالعہ کی طرف خصوصی توجہ دلائی ہے۔ حضور انور کے ارشاد کی تعمیل میں شعبہ تعلیم ہر سال سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور خلفائے کرام کی چند کتب مطالعہ کیلئے مقرر کرتا ہے اور خدام سے یہ توقع رکھتا ہے کہ ہر خادم ضرور ان کتب کا مطالعہ کرے۔ اس سال شعبہ تعلیم نے سال بھر میں درج ذیل تفصیل کے مطابق کتب کو منتخب کیا گیا ہے۔ ان کتب کو اجتماعی طور پر کلاسز کی صورت میں بھی اور Group Discussion کی صورت میں بھی پڑھا یا جائے اور ان کتب سے بھرپور استفادہ کو یقینی بنایا جائے نیز خدام کو ذاتی طور پر بھی ان کتب کے مطالعہ کی تحریک کی جائے۔

مطالعہ کیلئے جو کتاب مقرر کی گئی ہے اس کا انگریزی اور ہندی میں تراجم بھی نظارت نشرو اشاعت قادیان میں دستیاب ہیں۔ اسی طرح جماعتی ویب سائیٹس پر بھی دستیاب ہیں۔

| | |
|---|---|
| نومبر 2024 | اصلاح اعمال کے متعلق زریں نصائح (نصف اوّل) |
| دسمبر 2024 | اصلاح اعمال کے متعلق زریں نصائح (نصف آخر) |
| جنوری 2025 | براہین احمدیہ (حصہ پنجم) روحانی خزائن، جلد 21 صفحہ 1 تا 50 |
| فروری 2025 | براہین احمدیہ (حصہ پنجم) روحانی خزائن، جلد 21 صفحہ 51 تا 100 |
| مارچ 2025 | براہین احمدیہ (حصہ پنجم) روحانی خزائن، جلد 21 صفحہ 100 تا 150 |

| | |
|---|---|
| اپریل 2025 | براہین احمدیہ (حصہ پنجم) روحانی خزائن، جلد 21 صفحہ 151 تا 200 |
| مئی 2025 | براہین احمدیہ (حصہ پنجم) روحانی خزائن، جلد 21 صفحہ 201 تا 250 |
| جون 2025 | براہین احمدیہ (حصہ پنجم) روحانی خزائن، جلد 21 صفحہ 251 تا 300 |
| جولائی 2025 | براہین احمدیہ (حصہ پنجم) روحانی خزائن، جلد 21 صفحہ 301 تا 350 |
| اگست 2025 | براہین احمدیہ (حصہ پنجم) روحانی خزائن، جلد 21 صفحہ 351 تا 400 |
| ستمبر 2025 | براہین احمدیہ (حصہ پنجم) روحانی خزائن، جلد 21 صفحہ 401 تا 450 |
| اکتوبر 2025 | براہین احمدیہ (حصہ پنجم) روحانی خزائن، جلد 21 صفحہ 450 تا 506 |

## امتحان دینی نصاب

سیّدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کے مطابق سال میں تین مرتبہ خدام کے دینی نصاب کا امتحان لیا جاتا ہے۔ مرکز کی طرف سے خدام کے دونوں گروپوں (گروپ اوّل 15 سے 25 اور گروپ دوئم 26 سے 40 سال) کے پرچہ جات بھجوا دئے جائیں گے۔ خاص طور پر خیال رکھیں کہ مجلس کا ہر خادم بشمول جملہ عہدیداران خدام کا اس امتحان میں شریک ہونا ضروری ہے۔ مجلس کے جملہ خدام کی ابھی سے تیاری کروائیں۔

دینی نصاب امتحان منعقد کرنے کی تاریخیں اور نصاب ذیل میں درج ہے۔ خدام کے دونوں گروپس کے لئے مشترکہ نصاب ہے البتہ پرچہ جات الگ الگ معیار کے ہوں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| پہلا امتحان | 16 Feb 2025 | (1) قرآن مجید سورۃ یونس (رکوع 1 تا 11) کل 11 رکوع<br>(2) کتاب: اصلاح اعمال کے متعلق زریں نصائح (مکمل) |
| دوسرا امتحان | 25 May 2025 | (1) قرآن مجید سورۃ ھود (رکوع 1 تا 10) کل 10 رکوع<br>(2) کتاب: براہین احمدیہ حصہ پنجم (نصف اول) |
| تیسرا امتحان | 31 Aug 2025 | (1) قرآن مجید سورۃ یوسف (رکوع 1 تا 12) کل 12 رکوع<br>(2) کتاب: براہین احمدیہ حصہ پنجم (نصف آخر) |

اطفال کیلئے حزب بندی کے مطابق کتاب ’’نصاب وقف نو‘‘ بطور نصاب مقرر کی گئی ہے۔ اس امر کا بھی خیال رکھیں کہ اگر کوئی طفل اردو نہیں جانتا ہے تو امتحان سے قبل ترجمہ کر کے پرچہ دیا جائے۔ جملہ امتحانات کے جوابی پرچہ جات ضلعی قائدین کو بھجوائے جائیں۔

## ❁ مقابلہ انعامی مضمون نویسی ❁

امسال مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے شعبہ تعلیم کی جانب سے مقابلہ انعامی مضمون نویسی کا بھی انعقاد کروایا جا رہا ہے۔ ہندوستان بھر کی جملہ مجالس اپنے زیادہ سے زیادہ اراکین کو اس انعامی مقابلہ میں میں شامل ہونے کی تلقین کریں اور اس میں شمولیت کیلئے قائدین وان کی ممبران مجلس عاملہ ایسے خدام کی ہر ممکن معاونت بھی کریں ۔ اس مقابلہ میں شامل ہونے کیلئے ضروری ہے کہ ہر سہ ماہی میں مقررہ عناوین میں سے کسی ایک پر ایک مضمون ( آرٹیکل ) زیادہ سے زیاہ 800 الفاظ پر مشتمل ہندوستان کی کسی بھی زبان میں لکھ کر وقت مقررہ تک دفتر کو بھجوائیں ۔

| موضوع (Theme) | عناوین (Topics) |
|---|---|
| دینی موضوع<br>Religious Topic<br>(Last Date 31.01.2025)<br>کسی ایک عنوان پر مضمون اپنے الفاظ میں لکھ کر بھجوانا ہوگا۔ | ( 1 ) قرآن کریم کا نزول اور اسے محفوظ رکھنے کی تاریخ ( 2 ) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے الہام وسع مکانک کا ظہور ( 3 ) واقعہ صلح حدیبیہ کی تفصیل |

| | |
|---|---|
| ذاتی تجربہ<br>Personal Experience<br>(Last Date 30.04.2025)<br>کسی ایک عنوان پر مضمون اپنے الفاظ میں لکھ کر بھجوانا ہوگا۔ | (1) میری رائے ہستی باری تعالیٰ (2) خلافت احمدیہ سے میری وابستگی (3) زیارت قادیان دارالامان کے بارہ میں میرا تجربہ |
| دورہ جدید کے مسائل اور انکا حل<br>Problems of modern era and their solutions<br>(Last Date 31.07.2025)<br>کسی ایک عنوان پر مضمون اپنے الفاظ میں لکھ کر بھجوانا ہوگا۔ | (1) عالمی جنگ (World War)<br>(2) شوشل میڈیا (Social Media)<br>(3) موبائل اور اسکرین ایڈکشن (Mobile & Screen Addiction) |

(۱) مقررہ وقت پر دفتر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو اپنا مضمون بھجوانا ضروری ہوگا۔

(۲) پہلے پانچ پوزیشن حاصل کرنے والوں کے دو دو ہزار روپئے انعام مقرر ہے۔

(۳) چھ سے دس پوزیزن حاصل کرنے والے خدام کو ایک ایک ہزار روپئے انعام مقرر ہے۔

(۴) گیارہ سے پندرہ پوزیشن حاصل کرنے والوں کے لئے پانچ سو روپئے انعام مقرر ہے۔

(۵) مضمون کی اشاعت کے جملہ حقوق مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو حاصل ہونگے۔

## ❁ سیمینار ❁

| | |
|---|---|
| 16-02-2025 | تبلیغ کی اہمیت،ضرورتا ورطریق-عصر حاضر کے مسائل کی روشنی میں |
| 15-06-2025 | ہستی باری تعالیٰ ازروئے براہین احمدیہ (تصنیف حضرت مسیح موعودؑ) |
| 17-08-2025 | اصلاح اعمال کے متعلق حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے ارشادات |

## ❁ میڈیکل کیمپس ❁

لائحہ عمل مجلس خدام الاحمدیہ کے مطابق ضلعی مجالس کو دوران سال میڈیکل کیمپ کا انعقاد کرنا ازبس ضروری ہے۔کیمپس کی نوعیت مجالس اپنے حالات کے حساب سے خود طے کرسکتی ہیں۔آئی کیمپ، ڈینٹل کیمپ،شوگر کیمپ، میڈیکل چیک اپ کیمپ، ہومیوپیتھی کیمپ وغیرہ

کیمپ کے انعقاد کیلئے مجالس اپنی سہولت کے مطابق درج ذیل تفصیل کے مطابق کسی دن کومنتخب کر سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| World Health Day | 7 April |
| World Blood Donor Day | 14 June |
| Independence Day | 15 August |

## ہفتہ شجر کاری

اسی طرح لائحہ عمل مجلس خدام الاحمدیہ کے مطابق ضلعی مجالس کو زیادہ سے زیادہ خدام واطفال کی شمولیت کی یقینی بناتے ہوئے دوران ہفتہ شجر کاری کا انعقاد کرنا از بس ضروری ہے۔ ہفتہ شجر کاری کی نوعیت مجالس اپنے حالات کے حساب سے خود طے کرسکتی ہیں۔

ہفتہ شجر کاری کیلئے مجالس اپنی سہولت کے مطابق درج ذیل تفصیل کے مطابق اہم دنوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے تاریخوں کو منتخب کرسکیں ہیں۔

| | |
|---|---|
| World Water Day | 22 March |
| Earth Day | 22 April |
| World Enviroment Day | 6 June |
| International Day of Peace | 3 September |

# تبلیغ

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے کسی ایک ملک یا قوم کیلئے مبعوث نہیں کیا ہے بلکہ دنیا کی ہر قوم، ہر مذہب اور ہر ملک کی ہدایت کیلئے مبعوث کیا ہے۔ چنانچہ حضورؑ فرماتے ہیں کہ

''میرا اس زمانہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے آنا محض مسلمانوں کی اصلاح کیلئے ہی نہیں ہے بلکہ مسلمانوں اور ہندوؤں اور عیسائیوں تینوں قوموں کی اصلاح منظور ہے اور جیسا کہ خدا تعالیٰ نے مجھے مسلمانوں اور عیسائیوں کیلئے مسیح موعود کر کے بھیجا ہے ایسا ہی ہندوؤں کیلئے بطور اوتار کے ہوں۔'' (لیکچر سیالکوٹ، صفحہ 9)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مندرجہ بالا اقتباس سے ظاہر ہیکہ تبلیغ کا کام کتنا وسیع اور کس قدر اہم ہے اور اس فریضہ اور ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے ہمیں کس جوش اور تندہی سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ الحمدللہ جماعت احمدیہ ہندوستان بھی تبلیغ کے اس اہم فریضہ کی ادائیگی کیلئے ہمہ تن گوش ہے مگر اس میں مختلف ذرائع کے ذریعہ مرکزی نظام کے تحت مزید تیزی لانے کی ضرورت ہے۔ انہی ذرائع میں سے یوم تبلیغ کا انعقاد بھی بہت اہمیت کا حامل ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ اس تعلق سے فرماتے ہیں کہ

''پس یوں تو تبلیغ ہر مومن کا فرض ہے اور یقینی طور پر میں کہہ سکتا ہوں کہ ہر سچا مومن ہر روز تبلیغ کرتا ہی ہوگا، لیکن بعض کمزور طبائع ایسی ہوتی ہیں جو بیدار کئے جانے کی محتاج ہوتی

ہیں اور اس بات کی منتظر ہوتی ہیں کہ کوئی آئے اور انہیں تبلیغ کرنے کی تحریک کرے گویا عملاً اس بات کا انتظار کر رہی ہوتی ہیں کہ کوئی آ کر انہیں جگائے۔

(خطبہ جمعہ 13/اکتوبر 1933)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں کہ

''پس آج دنیا کو تباہی کے گڑھے میں گرنے سے بچانے کی ذمہ داری مسیح محمدی کے غلاموں کی ہے۔ دنیا کی بقا آج ہمارے ہاتھ میں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آج ہمیں دنیا کی روحانی پیاس بجھانے کے لئے مقرر کیا ہے۔ پس اس ذمہ داری کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ اس کام کے لئے صرف تھوڑے سے لٹریچر یا چند سیمینار یا چند میٹنگز کام نہیں کریں گی بلکہ ہمارے ہر طبقہ کو اپنے اپنے حلقہ میں اس کام کو سرانجام دینے کے لئے آگے آنا ہوگا۔ مستقل مزاجی سے کام میں جُٹ جانا ہوگا۔ اپنے عملوں کو اسلام کی حقیقی تعلیم کے مطابق ڈھالنا ہوگا اور خدا تعالیٰ کے آگے جُھکتے ہوئے عبادت کے حق ادا کرنے ہونگے۔''

(اختتامی خطاب بر موقعہ جلسہ سالانہ جرمنی 2015)

تبلیغ کے دلائل، طریق اور اپنے علم کو مضبوط اور روحانیت میں ترقی کے لئے ان کتب کا ضرور مطالعہ کریں۔

| | |
|---|---|
| براہین احمدیہ | اسلامی اصول کی فلاسفی |
| حقیقۃ الوحی | آئینہ کمالات اسلام |
| Islam Response to Contemporary Issue | Economic System of Islam |
| ملفوظات | Revelation Rationality |

| | |
|---|---|
| World Crisis and the Pathway to Peace | لائف آف محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| Essence of Islam | Introduction to the Study of Holy Quran |
| Ahmadiyyat the True Islam | Our God ہمارا خدا |

سال میں دو مرتبہ ہفتہ تبلیغ دونوں ششماہیوں میں منعقد کئے جائیں:

**پہلا ہفتہ تبلیغ**

مورخہ 15 دسمبر تا 22 دسمبر

**دوسرا ہفتہ تبلیغ**

مورخہ 20 اپریل تا 27 اپریل

تبلیغی کلاسز و جلسے:

| | |
|---|---|
| نومبر | آندھرا، حیدرآباد تیلنگانہ |
| دسمبر | جموں کشمیر، قادیان |
| جنوری | کیرلہ |
| فروری | تامل ناڈو |
| مارچ | کرناٹک |
| اپریل | بنگال، آسام، سکم، |

| | |
|---|---|
| مئی | پنجاب، ہماچل، ہریانہ |
| جون | مہاراشٹرہ، گجرات |
| جولائی | بہار، جھارکھنڈ |
| اگست | دہلی، ایم پی، چھتیس گڑھ، اتر پردیش |
| ستمبر | اوڈیسہ |

## پروگرام ''یوم تبلیغ''

یوم تبلیغ کے موقعہ پر درج ذیل تفصیل کے مطابق کام کیا جائیگا۔

(1) ہر یوم تبلیغ کا آغاز نماز تہجد سے کیا جائے۔

(2) نماز فجر کے بعد تبلیغ کے تعلق سے خصوصی درس القرآن کا اہتمام کیا جائے۔

(3) یوم تبلیغ کی کامیابی کیلئے سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں خط لکھا جائے۔

(4) یوم تبلیغ پر نکلنے سے پہلے صدقات کی ادائیگی کی جائے۔

(5) یوم تبلیغ پر نکلنے سے پہلے کم از کم ایک گھنٹہ کی motivational کلاس کا انعقاد تبلیغی مہم میں نکلنے والی ٹیم کے ساتھ کیا جائے جس میں ان کو اس کام کی اہمیت و مقاصد خلفاء کرام کے اقتباسات کی روشنی میں سمجھا کر تبلیغ کیلئے motivate کیا جائے۔ نیز اس بات کو بھی خصوصی طور پر سمجھایا جائے کہ ہم یہ کام اس لئے کر رہے ہیں تا لوگوں کو خدا کی معرفت حاصل ہو سکے۔

(6) ہمارے نمائندگان جب بھی یوم تبلیغ کے لئے نکلیں تو جن احباب کو پیغام حق پہنچائیں ان

کو www.alislam.org ویب سائٹ، شعبہ نور الاسلام کا بلوگ ( Light of Islam)، جماعتی ٹول فری نمبر اور ہمارے پروگرام جو youtube میں موجود ہیں اُن کا تعارف کروا کر انکا link انکو ضرور بتائیں اور جن سے بھی ملاقات کریں اُن سے کوشش کر کے ان کا email id اور whatsapp نمبر انتہائی حکمت اور اعتماد میں لیتے ہوئے لیں تا کہ انہیں Email اور whatsapp کے ذریعہ تبلیغی مواد لگاتار بھجوایا جاسکے۔

- **پہلا یوم تبلیغ (مہینہ کا پہلا اتوار)** پہلے یوم تبلیغ میں احباب جماعت اپنے زیادہ سے زیادہ رشتہ داروں اور پڑوسیوں کو تبلیغ کریں اور جماعت کی امن کے تعلق سے کی جارہی کاوشوں کا تذکرہ کرتے ہوئے جماعتی لٹریچر فراہم کروائیں۔
- **دوسرا یوم تبلیغ (مہینہ کا دوسرا اتوار)** اس یوم شہر کے تمام سرکاری (I.A.S آفیسر، پولیس آفیسر وغیرہ)، پولیٹیکل اور مذہبی لیڈران سے ملاقات کر کے ان کو پیغام حق پہنچایا جائے۔
- **تیسرا یوم تبلیغ (مہینہ کا تیسرا اتوار)** اس دن شہر کے تمام ججز، وکلاء، انجینئرز، ڈاکٹرز، CA، آرکیٹیکچر اور دیگر پیشاور کو پیغام حق پہنچایا جائے۔
- **چوتھا یوم تبلیغ (مہینہ کا چوتھا اتوار)** اس دن اپنے شہر کے کالج، یونیورسٹی کے پرفیسران اور طلباء کو پیغام حق پہنچایا جائے۔
- **پانچواں یوم تبلیغ (مہینہ کا پانچواں اتوار)** اس دن گذشتہ 4 یوم تبلیغ میں جن احباب نے جماعت کے پیغام کو سُننے میں دلچسپی دکھائی ہو ان تمام کے ساتھ لوکل جماعت کے وسائل

سے تبادلہ خیالات کے لئے مسجد یا مشن ہاؤس میں بلانے کا اہتمام کیا جائے تا ان سے تفصیلی گفتگو کی جا سکے۔ اس موقعہ پر حسب ضرورت مجلس سوال و جواب کا بھی اہتمام کیا جا سکتا ہے اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ذریعہ قیام امن کی کاوشوں پر مبنی ڈاکیومینٹری، حضور انور کے پارلیامنٹ، یونیورسٹی کے مختلف خطابات، پریس اینڈ میڈیا سے گفتگو اور دیگر مجالس سوال و جواب کو بھی دکھایا جا سکتا ہے تا کہ لوگوں کے اندر مزید انہیں خود سے ہماری ویب سائٹ پر دیکھنے کی تڑپ پیدا ہو جائے۔ اسی طرح حضرت مسیح موعودؑ اور خلفاء کرام کی کتب کا تعارف بھی کرایا جائے تا کہ لوگوں میں انہیں پڑھنے کا شوق پیدا ہو۔

ضروری نوٹ: سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے لئے کل 200 بیعتیں کروائے جانے کا ٹارگیٹ مقرر فرمایا ہے۔ اس ٹارگیٹ کو حاصل کرنے کی مجالس کو ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے اور اسی طرح داعیان الی اللہ کو اچھے رنگ میں فعال کرنے کی ضرورت ہے۔

# تفصیل پروگرام سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ
# ومجلس اطفال الاحمدیہ بھارت 2025

گزشتہ سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت 2024ء کیلئے پیارے امام سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے Theme ''اصلاح اعمال'' کو منتخب فرمایا تھا۔تمام مجالس میں ہونے والے اجتماعات اسی کے مطابق کئے جائیں۔ نیز اجتماعات میں اسی Theme کے مطابق خصوصی تقریب یا تقاریر کے پروگرام بھی مقرر کئے جائیں۔

**سالانہ اجتماع میں حصہ لینے کا معیار:**

(1) قائدین اس بات کا خصوصی خیال رکھیں کہ جس مجلس میں دوران سال مقامی اجتماع کا انعقاد کیا جائے گا اُسی مجلس کے خدام و اطفال کو مرکزی سالانہ اجتماع کے مقابلہ جات میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔

(2) ہر ضلع یا علاقائی سطح پر ہونے والے اجتماعات کے علمی مقابلہ جات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے خدام و اطفال کو ہی مرکزی سالانہ اجتماع کے مقابلہ میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔

(3) علمی و ورزشی مقابلہ جات میں حصہ لینے والے خدام و اطفال کی فہرست و ٹیموں کے اسماء

مقامی/ضلعی قائد کی طرف سے اجتماع سے قبل دفتر کو بذریعہ ڈاک یا Mail موصول ہونے ضروری ہیں۔ پروگرام اجتماع کی تفصیل درج ذیل ہے:

حسن کارکردگی مقامی، ضلعی وصوبائی مجالس/ قیادت: اسکے لئے بھارت کی جملہ مقامی، ضلعی و صوبائی مجالس خدام واطفال کے درمیان کارکردگی کے لحاظ سے موازنہ ہوگا اور سال بھر کی کارگزاری کے لحاظ سے مقامی مجالس میں پہلی دس پوزیشن حاصل کرنے والی مجالس کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک دستخطوں والی سندات سے نوازا جائے گا۔اسی طرح ضلعی مجالس میں پہلی پانچ پوزیشن حاصل کرنے والی مجالس کو بھی سندات سے نوازا جائے گا۔لائحہ عمل میں وہ جملہ امور درج ہیں جو موازنہ کے وقت ملحوظ رکھے جائیں گے۔

**ضروری ھدایت:** جملہ ضلعی قائدین/ قائدین مجالس کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ اپنے مقامی/ضلعی اجتماعات اسی پروگرام کے مطابق ہی منعقد کریں۔

### (علمی مقابلہ جات خدام)

علمی مقابلہ جات خدام کے لئے گروپ بندی درج ذیل طریق کے مطابق ہوگی:

گروپ 'الف': اس گروپ میں وہ خدام شامل ہونگے جو مبلغ، معلم، یا حافظ ہیں یا پھر جامعہ احمدیہ قادیان میں زیر تعلیم ہیں۔

گروپ 'ب': اس گروپ میں دیگر تمام خدام شامل ہونگے۔

**مقابلہ حسن قرأت** (وقت 2 منٹ، ہر دو گروپ کا مقابلہ الگ الگ ہوگا) تلاوت قرآن کریم زبانی کریں۔ٹیسٹ کے وقت اس بات کو ملحوظ رکھا جائیگا کہ جو خادم تلاوت زبانی نہیں کریگا وہ مقابلہ میں حصہ لینے کا مستحق نہیں ہوگا۔

حزب الف و ب (مقابلہ الگ الگ ہوگا) سورۃ یٰسں (آخری رکوع) سورۃ الحشر (آخری رکوع)

**مقابلہ نظم خوانی** (وقت 2 منٹ) یہ مقابلہ ہر دو گروپ کا الگ الگ ہوگا۔حضرت مسیح موعودؑ، خلفاء کرام اور مشہور احمدی شعراء کے کلام میں سے نظم پڑھی جاسکتی ہے۔

**مقابلہ تقاریر** (وقت 3 منٹ) حزب الف، ب کا مقابلہ الگ الگ ہوگا۔

عناوین: (1) اصلاح اعمال (2) سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (3) سیرت حضرت مسیح موعودؑ (4) باجماعت نماز کی اہمیت (5) حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا تعلق باللہ

**مقابلہ کوئز (QUIZ)** (1) ہماری تعلیم (2) ضرورۃ الامام (3) رسالہ الوصیت (4) اصلاح اعمال (5) جنرل نالج 25-2024 (5) خطبات حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز، نومبر 2024 تا ستمبر 2025

☆ مقابلہ مشاہدہ معائنہ ☆ مقابلہ پیغام رسانی

☆ مقابلہ پرچہ ذہانت ☆ مقابلہ بیت بازی انفرادی

**مقابلہ حفظ قرآن مجید:**

حزب الف کے لئے نصاب: سورۃ الصّف، سورۃ الجمعہ

حزب ب کے لئے نصاب: سورۃ الاعلیٰ، سورۃ الغاشیہ

## (ورزشی مقابلہ جات خدام)

☆ فُٹ بال ☆ والی بال ☆ میراتھن ☆ نیشنل کبڈی ☆ رسہ کشی

☆ میوزیکل چیئر ☆ بیڈمنٹن سنگل ☆ دوڑ سو میٹر ☆ لانگ جمپ

<u>نوٹ:</u> حسب سابق امسال بھی سالانہ اجتماع کے موقع پر March Past کا انعقاد کیا جا سکتا ہے۔ اس کیلئے مجالس تیاری کر کے آئیں۔ مجالس اس بات کی پابندی کریں کہ اس میں نمائندگی کرنے والے خدام کے پاس مکمل Kit ہوں۔ اس پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے بھی مجالس ابھی سے تیاری کریں۔

ورزشی مقابلہ جات کے لئے Team Events میں ہر صوبہ کی ایک ٹیم شامل ہوگی۔ قادیان کو چونکہ مرکزی حیثیت حاصل ہے اس وجہ سے قادیان کی ایک الگ ٹیم ہوگی۔ مبلغین ومعلمین کرام اس صوبہ کی نمائندگی کریں گے جہاں وہ متعین ہیں۔ پنجاب کے کوٹا میں قادیان کے خدام شامل نہ ہوسکیں گے۔ احمدی خدام واطفال کو ہی اجتماع کے کسی علمی یا ورزشی مقابلہ میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔

## (علمی مقابلہ جات اطفال)

اطفال کے لئے حزب کی درجہ بندی درجہ ذیل تفصیل کے مطابق ہوگی:

گروپ الف: 13 سے 15 سال کے اطفال

گروپ ب: 10 سے 12 سال کے اطفال

گروپ ج: 7 سے 9 سال کے اطفال۔

جملہ حفاظ اطفال مقابلہ حسن قرأت میں گروپ الف میں حصہ لیں گے۔

**مقابلہ حسن قرأت:** (وقت ڈیڑھ منٹ، ہرسہ گروپ کا مقابلہ الگ الگ ہوگا)

حزب الف، ب کیلئے سورۃ البقرۃ کی آخری تین آیات مقرر کی گئی ہیں۔

مقابلہ حُسن قرأت گروپ ''ج'': کوئی بھی سورۃ پڑھی جاسکتی ہے۔

**مقابلہ نظم خوانی:** (وقت ڈیڑھ منٹ) یہ مقابلہ تینوں گروپس کا الگ الگ ہوگا۔ حضرت مسیح موعودؑ، خلفاء کرام اور مشہور احمدی شعراء کے کلام میں سے نظم پڑھی جاسکتی ہے۔

**مقابلہ تقاریر:** (وقت 3 منٹ) تینوں گروپ کا مقابلہ الگ الگ ہوگا۔

**عناوین حزب الف، ب:** (1) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاکیزہ اخلاق (2) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا عشق رسولؐ (3) خلافت کی اہمیت اور برکات (4) نماز کی اہمیت (5) تلاوت قرآن کریم کے آداب

**عناوین حزب ''ج'':** (1) باجماعت نماز کی اہمیت (2) دعا کی برکات (3) والدین سے حسن سلوک (4) سچائی (5) مسجد کے آداب

**مقابلہ کوئز (QUIZ):**

(1) کتاب دینی معلومات مکمل،

(2) جنرل نالج (معلومات عامہ) 2024-25ء

(3) کامیابی کی راہیں (حصہ قمر اطفال مکمل)

**مقابلہ حفظ قصیدہ:** مکمل 70 اشعار سنانے والے اطفال کو انعام اول دیا جائے گا۔ البتہ حزب

''ج'' کے لئے 35 اشعار سُنانے والے کو انعام اول دیا جائے گا۔

اگر گروپ ''ج'' کوئی بچہ مکمل 70 اشعار سنا تا ہے تو اسکو اسپیشل انعام سے نوازا جائے گا۔

**مقابلہ حفظ قرآن مجید:**

**حزب الف و ب کے لئے نصاب:** سورۃ البقرۃ کی ابتدائی 17 آیات، عم پارہ کی آخری پندرہ (15) سورتیں۔ حزب ''ج'': عم پارہ کی آخری دس (10) سورتیں۔

☆ مقابلہ بیت بازی اطفال (4 اطفال پر مشتمل 1 ٹیم)

☆ مقابلہ حفظ عہد وفائے خلافت برائے حزب الف و ب

☆ مقابلہ وعدہ اطفال الاحمدیہ برائے حزب ''ج''

☆ حفظ الہامات حضرت مسیح موعود علیہ السلام

(الف) کوئی 15 الہامات (ب) کوئی 10 الہامات (ج) کوئی پانچ الہامات

☆ حفظ چہل احادیث

(الف) 40 احادیث (ب) 30 احادیث (ج) 15 احادیث

☆ حفظ شرائط بیعت

(الف) 10 شرائط (ب) 7 شرائط (ج) 5 شرائط

☆ حفظ قرآنی دعائیں

(الف) 10 دعائیں (ب) 7 دعائیں (ج) 5 دعائیں

اگر کوئی طفل عم پارہ مکمل زبانی حفظ کرے گا تو اسے خصوصی انعام دیا جائے گا۔

## (ورزشی مقابلہ جات اطفال)

☆فٹ بال☆ دوڑسومیٹر☆ بیڈمنٹن سنگل☆نیشنل کبڈی☆ نشانہ غلیل

اسکے علاوہ گروپ ’’ج‘‘ کی دلچسپ کھیلیں ہوں گی

## ❁ تفصیلی پروگرام سالانہ ضلعی اجتماعات 2024-25❁

مذکورہ بالا پروگرام کے مطابق انڈیا کی تمام مجالس میں سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی کوشش کریں۔سالانہ اجتماع کے انعقاد کے تعلق سے جملہ پلاننگ اورتاریخوں کا تعین کر کے سال کے شروع میں ہی دفتر خدام الاحمدیہ بھارت سے منظوری حاصل کریں۔

درج ذیل تفصیل کے مطابق مقررہ مہینوں میں ضلعی اجتماعات کا انعقاد کرنا ضروری ہے۔ضلعی قائدین کرام اس کے مطابق سال کے شروع سے ہی پلاننگ اور تیاری شروع کر دیں۔

اپنے مقامی حالات کے مطابق اجتماعات کے انعقاد کی تیاری کریں اوراسی تفصیلی اجازت کی کارروائی کم ازکم دو(2)ماہ قبل کرلیں۔کوشش کریں کہ اگست 2025 سے قبل ہی اجتماع کا انعقاد کیا جائے۔

## ❁ سالانہ کیلنڈر بابت سال 25-2024ء ❁

| | |
|---|---|
| نومبر 2024 | ❁ 5 تاریخ- ماہانہ کارگزاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ 24 تاریخ- باجماعت نماز تہجد، وقارِعمل (خدام واطفال)<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔<br>❁ 22 تا 29 تاریخ- پہلا ہفتہ مال (تشخیص بجٹ کی کاروائی کریں)<br>❁ 25 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں)<br>❁ تحریک جدید کی مالی قربانی میں شامل خدام کی فہرست۔<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔تربیتی اجلاس میں تمام خدام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھیں۔قائد مجلس ان خطوط کو بھجوانے کا انتظام کریں۔<br>❁ قائد مجلس اور اراکین مجلس عاملہ لائحہ عمل کا مطالعہ کریں اور ریفریشر کورس کا اہتمام کریں<br>❁ اس ماہ کم ازکم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔ |

| | |
|---|---|
| دسمبر 2024 | ❁ 8 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقارعمل (خدام واطفال)<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 8 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں نیز جلسہ سالانہ قادیان میں خدام کو شامل کرنے کا پروگرام مرتب کریں۔<br>❁ 31 تاریخ - تجنید و تشخیص بجٹ فارم پُر کر کے مرکز کو روانہ کریں۔<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔تربیتی اجلاس میں تمام خدام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھیں۔قائد مجلس ان خطوط کو بھجوانے کا انتظام کریں۔<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ |
| جنوری 2025 | ❁ 5 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقارعمل (خدام واطفال)<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 5 تا 11 تاریخ - پہلا ہفتہ تبلیغ (اس ہفتہ میں ایک مجلس سوال و جواب کا انعقاد ہو، بُک اسٹال لگایا جائے، تبلیغی کلاسز کا اہتمام ہو)<br>❁ 5 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام واطفال) |

| | |
|---|---|
| جنوری 2025 | ❁ خدام کو وقف عارضی کی تحریک کی جائے اور منظم پلاننگ کے ساتھ خدام کو وقف عارضی کے لئے بھجوانے کا انتظام کریں۔<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔<br>❁ اطفال ننھے مجاہدین وقف جدید کی فہرست تیار کر کے مرکز کو بھجوائیں۔<br>❁ آڈٹ رپورٹ تیار کر کے مرکز بھجوائیں۔ |
| فروری 2025 | ❁ 2 یا 20 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقار عمل (خدام واطفال)<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 16 تاریخ - حفظ متن پیشگوئی مصلح موعودؓ کے مقابلہ کا اہتمام کریں۔<br>❁ 16 تاریخ - اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت اقدس حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ |

| | |
|---|---|
| | ❁ 16 تاریخ- پہلا امتحان دینی نصاب لینا ہے<br>❁ 16 تاریخ-سیمینار بعنوان ''تبلیغ کی اہمیت، ضرورت اور طریق'' |
| مارچ 2025 | ❁ 5 تاریخ- ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ 9 یا 23 تاریخ- باجماعت نماز تہجد،<br>❁ 22 تاریخ مثالی وقار عمل (World Water Day)<br>❁ 22 تا 29 تاریخ- ہفتہ شجر کاری۔<br>❁ 16 تاریخ- بلڈ ڈونیشن کیمپ کا اہتمام۔<br>❁ 16 تاریخ- مقابلہ حسن بیان کا اہتمام کیا جائے۔<br>❁ 16 تاریخ- اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام و اطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔<br>❁ 16 تاریخ: جملہ خدام و اطفال کا طبی معائنہ اور بلڈ گروپنگ کریں۔ جلسہ حفظان صحت منعقد کریں۔ |

| | |
|---|---|
| ❋6 تاریخ - باجماعت نمازتہجد، وقارعمل<br>❋1 تا 7 تاریخ - ہفتہ اطفال کا اہتمام (پکنک اور سائیکلنگ کا اہتمام کیا جائے)<br>❋5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❋20 تاریخ - یوم والدین کا انعقاد، بُک بنک قائم کریں اور خدام واطفال کو حصہ لینے کی تحریک کریں۔<br>❋20 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں) (خدام واطفال)<br>❋ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❋ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❋ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔<br>❋ آڈٹ رپورٹ مرکز کو بھجوائیں۔<br>❋22 اپریل کو یوم شجرکاری منایا جائے (Earth Day)<br>❋7 اپریل کو فری میڈیکل کیمپ (World Health Day)<br>❋ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ | اپریل<br>2025 |

| | |
|---|---|
| مئی 2025 | ❁ 4 تا 10 تاریخ - ہفتہ مال<br>❁ 4 یا 27 تاریخ - باجماعت نمازِ تہجد، وقارِ عمل<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگزاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 25 تاریخ - کلوا جمیعًا و پکنک (خدام و اطفال)<br>❁ 25 تاریخ - اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام و اطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔<br>❁ 25 تاریخ - پہلا امتحان دینی نصاب لینا ہے |
| جون 2025 | ❁ 1 تا 7 تاریخ: ہفتہ مال<br>❁ 1 تاریخ - باجماعت نمازِ تہجد<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگزاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 1 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں) (خدام و اطفال)<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔<br>❁ 6 جون کو یوم شجر کاری (World Environment Day) |

| | |
|---|---|
| جون 2025 | ❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔تربیتی اجلاس میں تمام خدام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھیں۔<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔<br>❁15 تاریخ کو سیمینار بعنوان ’’ہستی باری تعالیٰ از روئے براہین احمدیہ‘‘<br>❁14 تاریخ بلڈ ڈونیشن کیمپ (World Blood Donor Day) |
| جولائی 2025 | ❁6 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقار عمل<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 6 تا 12 تاریخ -تربیتی کلاسز برائے نومبائعین<br>❁13 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ آڈٹ رپورٹ مرکز کو ارسال کریں۔<br>❁ سالانہ رپورٹ خدام واطفال مرکز بھجوائیں۔<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ |

| | |
|---|---|
| اگست 2025 | ❁ 15 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقارعمل<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ 17 تاریخ - یوم والدین کا انعقاد کریں<br>❁ 17 تاریخ - سیمینار بعنوان ''اصلاح اعمال کے متعلق حضور ایدہ اللہ کے ارشادات'' منعقد کیا جائے<br>❁ 15 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتب: براہین احمدیہ، حصہ سوم<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے<br>❁ 31 تاریخ کو تیسرا امتحان۔<br>❁ 15 تاریخ کو یوم آزادی کی تقریب منعقد کی جائے اور خدمت خلق کے مختلف کام کئے جائیں۔ |

| | |
|---|---|
| ❁5 تاریخ-ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے(خدام/اطفال)<br>❁16 تاریخ(12 ربیع الاوّل)-باجماعت نماز تہجد،وقار عمل<br>❁ 3 تا 9 تاریخ-دوسرا ہفتہ تبلیغ (اس عرصہ میں) محفل سوال و جواب،اور تبلیغی کلاسز کا اہتمام کریں)(International Peace Day)<br>❁ کلوا جمیعًا (خدام واطفال) اپنی سہولت کے مطابق<br>❁ تربیتی اجلاس ۔ جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔دعائیہ خطوط بخدمت حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁21 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ(رپورٹ/ پلاننگ)(خدام واطفال)<br>❁اس ماہ کم ازکم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔ | ستمبر 2025 |
| ❁5 تاریخ:باجماعت نماز تہجد،وقار عمل<br>❁5 تاریخ-ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے(خدام/اطفال)<br>❁ 5 تاریخ-اجلاس مجلس عاملہ(اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں)(خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس ۔ جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔دعائیہ خطوط بخدمت حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁سالانہ مرکزی<br>اجتماع میں شرکت کی طرف خدام واطفال کوتوجہ دلائیں۔ | اکتوبر 2025 |

| | |
|---|---|
| اکتوبر 2025 | ❁ اس ماہ کم از کم پانچ یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتاب کے حصہ کو پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔<br>❁ 2 تاریخ کو پکنک کا پروگرام منعقد کیا جائے جس میں حفظان صحت کے تعلق سے خدام کو توجہ دلائی جائے۔ |

اللہ تعالیٰ تمام خدام واطفال کو فاستبقوا الخیرات کے جذبہ کے ساتھ اس سالانہ پروگرام میں مندرج تمام امور کو بروئے کار لانے کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)